Lesson-1

فقه القلوب

کتاب کا نام: موسوعة فقه القلوب فی ضوء القرآن والسنة

مولف: محمد بن ابراہیم بن عبد اللہ التویجري

تدریس: ڈاکٹر فرحت ہاشمی

المقدمة (صفحہ 5-6)

إن الله تبارك وتعالى خلق الخلق لعبادته.. ولا يمكن لأحد أن يعبد الله على الوجه الصحيح الذى يرضيه الا بعد معرفته ربه عزوجل . . . ومعرفة أسمائه وصفاته...ومعرفته دينه و شرعه. .. ومعرفة ثوابه و عقابه

بے شک اللہ تعالی نے مخلوق کو اپنی عبادت کے لئے پیدا کیا ہے اور کسی کے لئے بھی ممکن نہیں کہ وہ اللہ کی عبادت اس صحیح طریقے پر کرے جو اللہ کو راضی کر دے سوائے اس کے بعد کہ.......وہ اپنے رب اللہ عزوجل کی معرفت حاصل کر لے...اسکے اسماء وصفات کی معرفت حاصل کرے....اس کے دین اور شریعت کی معرفت حاصل کرے...اور اسکے ثواب وعقاب کی معرفت حاصل کرے۔

إن التوحيد والإيمان، والعبادة والطاعة، أعظم حقوق الله على عباده، فينبغي تذكيرهم دائما بهذا الحق جميعا، ليؤدوه لربهم جميعا

بے شک اللہ کا اپنے بندوں پر سب سے بڑا حق توحید، ایمان، عبادت اور اطاعت ہے، پس چاہیئے کہ اس حق کی ہمیشہ یاد دہانی کرتے رہیں تا کہ ان حقوق کو اپنے رب کے لئے ہمیشہ ادا کرتے رہیں۔

والتقرب إليه بما يحبه ويرضاه

ہر اس چیز سے رب کا قرب حاصل کرنا ہے جسے وہ پسند کرتا ہے اور جس سے وہ راضی ہوتا ہے۔

ولا تمكن محبته المحبة الكاملة إلا بعد معرفته والإعراض عن كل محبوب سواه.

اللہ کی محبت راسخ نہیں ہو سکتی جب تک اس کی معرفت نہ ہو اور اسکی کی محبت کے سوا تمام محبتوں سے اعراض نہ کیا جائے۔

وكل من احب الله انس به، ومن احب غير الله عذب به

ہر شخص جس نے اللہ سے محبت کی وہ اس محبت سے سکون پاتا ہے اور جس نے غیر اللہ سے محبت کی وہ اس محبت کے ذریعے عذاب میں مبتلا ہو جاتا ہے.

وحاجات القلوب في الدنيا إلى التوحيد والإيمان أعظم من حاجة الأبدان للطعام والشراب، بل لا نسبة بينهما.

اس دنیا میں دلوں کی حاجتیں توحید اور ایمان ہیں اور یہ جسموں کی حاجت، کھانے اور پینے، کی نسبت زیادہ بڑی حاجتیں ہیں، بلکہ ان کا آپس میں کوئی مقابلہ ہی نہیں۔

وكل نقص خارجي في العمل سببه نقص الإيمان داخل القلب، لذلك فالذي لا يسلم نفسه الله داخل الصلاة، لا يستطيع أن يسلمها الله خارج الصلاة.

ہر ظاہری عمل میں کمی کا سبب دل میں ایمان کا کمزور ہونا ہے۔ لہذا جو نماز کے اندر اپنے آپ کو اللہ کے سپرد نہیں کرتا وہ نماز کے باہر بھی اپنے آپ کو اللہ کے سپرد نہیں کر سکتا۔